21-02-2024

# نظام المدارس پاکستان
## سالانہ امتحان 2024ء

| | | | |
|---|---|---|---|
| مضمون: | الحدیث: سنن ترمذی | کل وقت: | 30منٹ |
| کلاس: | الشهادة العالمية (السنة الثانية) | کل نمبر: | 20 |

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

نام طالبعلم: ____________________

## حصہ معروضی

**سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔**

**1۔ امام ترمذی کا سن ولادت ہے:**

(الف) 209ھ (ب) 210ھ (ج) 212ھ (د) 213ھ

**2۔ ترمذی حدیث شریف کی کتاب ہے:**

(الف) صحیح (ب) مستدرک (ج) جامع (د) جزء

**3۔ نماز اس چیز کے بغیر قبول نہیں ہوتی ہے:**

(الف) دعا (ب) درود (ج) غسل (د) وضو

**4۔ جنت کی چابی ہے:**

(الف) صدقہ (ب) درود (ج) نماز (د) دعا

**5۔ قبلہ کی طرف منہ کر کے بول وبراز کرنا ہے:**

(الف) مکروہ تحریمی (ب) مکروہ تنزیہی (ج) حرام (د) جائز

**6۔ نفاس کی زیادہ سے زیادہ مدت ہے:**

(الف) 30دن (ب) 35دن (ج) 38دن (د) 40دن

**7۔ پانچ اونٹوں کی زکوٰۃ ہے:**

(الف) ایک بکری (ب) دو بکریاں (ج) تین بکریاں (د) پانچ بکریاں

**8۔ حدیث شریف کی روشنی میں سب سے افضل عمل ہے:**

(الف) وقت پر نماز (ب) والدین کیساتھ حسن سلوک (ج) جہاد (د) سخاوت

**9۔ رشک کرنا اتنی صورتوں میں جائز ہے:**

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

ورق الٹیے

10۔ آپ ﷺ نے فرمایا: سب سے بہتر دینار وہ ہے جو خرچ کیا جائے:

(الف) دوستوں پر (ب) غریبوں پر (ج) اہل وعیال پر (د) مدارس پر

11۔ حدیث شریف کی رو سے مسلمان کی طرف اسلحہ سے اشارہ کرنا سبب ہے:

(الف) لعنت کا (ب) بے برکتی کا (ج) بیماری کا (د) عذاب کا

12۔ حدیث شریف میں برائی سے روکنے کے طریقے بیان کیے گئے ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

13۔ "ھرج" سے مراد ہے:

(الف) چوری (ب) زنا (ج) قتل وغارت (د) رشوت

14۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میری امت میں کذاب ہوں گے:

(الف) 20 (ب) 30 (ج) 40 (د) 50

15۔ حدیث شریف کی رو سے دجال کا خروج ہو گا:

(الف) عراق سے (ب) شام سے (ج) خراسان سے (د) پاکستان سے

16۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ قوم کبھی کامیاب نہیں ہو گی جس نے اپنا حکمران بنایا:

(الف) عورت کو (ب) بچے کو (ج) بوڑھے کو (د) جاہل کو

17۔ آپ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن انسان کے قدم نہ ہلیں گے یہاں تک کہ اس سے سوال نہ پوچھ لیے جائیں:

(الف) پانچ (ب) چھ (ج) سات (د) آٹھ

18۔ حوض کوثر پر پیالوں کی تعداد ہو گی:

(الف) ستاروں سے زیادہ (ب) ستاروں کے برابر (ج) ستاروں سے کم (د) ستاروں سے دوگنا

19۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارے اندر پہلی امتوں کا یہ مرض داخل ہو گیا ہے:

(الف) جھوٹ کا (ب) زنا کا (ج) بغض وحسد کا (د) رشوت کا

20۔ جنت کے درختوں کے تنے ہیں:

(الف) لوہے کے (ب) چاندی کے (ج) سونے کے (د) پیتل کے

21-02-2024

# نظام المدارس پاکستان
## سالانہ امتحان 2024ء

| مضمون: | الحدیث: سنن ترمذی | کل وقت: | 2:30 گھنٹے |
|---|---|---|---|
| کلاس: | الشهادة العالمية (السنة الثانية) | کل نمبر: | 80 |

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں):----------------------

**سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔** 2x10=20

1۔ امام ترمذی کا پورا نام مع سن وفات تحریر کریں۔
2۔ بیت الخلاء میں داخل ہونے کی دعا تحریر کریں۔
3۔ کیا کھڑے ہو کر پیشاب کرنا جائز ہے؟ مختصراً تحریر کریں۔
4۔ "إذا أراد الحاجة لم يرفع ثوبه حتى يدنو من الأرض" کا ترجمہ کریں۔
5۔ وضو سے قبل مسواک کرنے کی فضیلت میں وارد حدیث شریف لکھیں۔
6۔ "إذا أديت زكاة مالك فقد قضيت ما عليك" کا ترجمہ کریں۔
7۔ "قال رسول الله ﷺ في العسل في كل عشرة ازق زق" کا ترجمہ کریں۔
8۔ حدیث شریف میں دیانت دار عامل کی کیا فضیلت بیان کی گئی ہے؟
9۔ صدقہ فطر کی مقدار تحریر کریں۔
10۔ "رضى الرب في رضى الوالد" کا ترجمہ کریں۔
11۔ قطع رحمی کی مذمت کے بارے میں حدیث شریف تحریر کریں۔
12۔ حدیث شریف کی روشنی میں غیبت کی تعریف لکھیں۔

**سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔** 2x10=20

1۔ آپ ﷺ مزاح کو پسند فرماتے تھے آپ ﷺ کا کوئی ایک مزاح تحریر کریں۔
2۔ مسلمان کے قتل کی کتنی اور کون کونسی صورتیں جائز ہیں؟
3۔ "إن من أعظم الجهاد كلمة عدل عند سلطان جائر" کا ترجمہ کریں۔
4۔ قیامت کی کوئی سی دو علامات تحریر کریں۔
5۔ امام مہدی کا پورا نام تحریر کریں۔
6۔ دجال کا حلیہ بیان کریں۔
7۔ حدیث شریف کی روشنی میں بتائیں کہ اچھا حکمران کون ہے؟
8۔ رقائق سے کیا مراد ہے؟
9۔ "انكم تحشرون رجالا وركبانا" کا ترجمہ کریں۔
10۔ صور سے کیا مراد ہے؟ حدیث شریف تحریر کریں۔
11۔ "شفاعتي لأهل الكبائر من أمتي" کا ترجمہ کریں۔
12۔ "من صمت نجا" کا ترجمہ لکھیں۔

## تفصیلی سوالات

**سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔** 10x2=20

i. (الف) درج ذیل حدیث شریف کی سند اور متن پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں:

"حدثنا سعيد بن عبد الرحمان المخزومي قال: حدثنا سفيان بن عيينة عن الزهري عن عطاء بن يزيد الليثي عن أبي أيوب الأنصاري قال: قال رسول الله ﷺ: إذا أتيتم الغائط فلا تستقبلوا القبلة بغائط ولا بول ولا تستدبروها ولكن شرقوا أو غربوا"

(ب) مذکورہ حدیث شریف میں بظاہر تعارض ہے آپ اس کی نشاندہی کر کے اس کا تدارک تحریر کریں

ii. (الف) درج ذیل حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ اور تشریح کریں:

"عن ابن اخي زينب امرأة عبد الله قالت خطبنا رسول الله ﷺ فقال يا معشر النساء تصدقن ولو من حليكن فانكن اكثر اهل جهنم يوم القيامة"

(ب) گھوڑوں، غلاموں، سبزیوں اور شہد میں زکوٰۃ ہے یا نہیں؟ تحریر کریں۔

ورق الٹیے

iii. (الف) حدیث شریف کی روشنی میں والدین کے حقوق تحریر کریں۔

(ب) مزاح کسے کہتے ہیں؟ آپ ﷺ کے اسوۂ مبارک سے دو مثالیں تحریر کریں۔

**سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔** **10x2=20**

i. (الف) قیامت کی کوئی سی پانچ علامات تفصیلاً تحریر کریں۔

(ب) یأجوج مأجوج اور دجال کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. درج ذیل حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ اور تشریح سپرد قلم کریں:

"عن أبي هريرة أن رسول الله ﷺ قال: أتدرون من المفلس قالوا: المفلس فينا يا رسول الله من لا درهم و لا متاع قال رسول الله ﷺ: المفلس من أمتي من يأتي يوم القيامة بصلاته و صيامه و زكاته و يأتي قد شتم هذا و قذف هذا و أكل مال هذا و سفك دم هذا و ضرب هذا فيقعد فيقتص هذا من حسناته و هذا من حسناته فإن فنيت حسناته قبل أن يقتص ما عليه من الخطايا أخذ من خطاياهم فطرح عليه ثم طرح في النار"

iii. درج ذیل حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ اور تشریح کریں:

"عن أنس بن مالك قال: رأيت رسول الله ﷺ و حانت صلاة العصر و التمس الناس الوضوء فلم يجدوا فأتي رسول الله بوضوء فوضع رسول الله ﷺ يده في ذلك الإناء و أمر الناس أن يتوضؤوا منه قال: فرأيت الماء ينبع من تحت أصابعه فتوضأ الناس حتى توضئوا من عند آخرهم"